# 06-05-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج دہلی میں مرکزی وزیر منوہر لال کھٹر سے ملاقات کی۔حیدرآباد میٹرو فیس II کی منظوری دینے کا مطالبہ کیا۔

۲۔ریاست میں مختلف کارپوریشنوں کے چیرمینوں اور وائس چیرمینوں کے عہدوں کو ریاستی حکومت نے پر کردیا۔پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے بتائی تفصیلات۔

۳۔ ریاستی وزیر واکٹی سری ہری نے عوامی نمائندوں اور عہدیداروں کو ہمیشہ عوام کیلئے دستیاب رہنے کی ہدایت دی۔

اور

۴۔تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے مغربی بنگال کے انتخابی نتائج کے بعد وزیراعلیٰ ممتا بنرجی کی جانب سے اپنے عہدہ سے استعفیٰ نہ دئے جانے کی مذمت کی۔

Crop Change Report

رعیتو کمیشن کے چیرمین کودنڈا ریڈی اور ارکان نے جوبلی ہلز پر واقع وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی رہائش گاہ پر ان سے ملاقات کی۔اس موقع پر انہوں نے فصلوں کی تبدیلی پر قطعیت دی گئی ایک رپورٹ کو پیش کیا۔اس موقع پر ریاستی وزیر واکٹی سری ہری بھی موجود تھے۔فصلوں کی تبدیلی کی پالیسی پر حکومت جامع تبادلہ خیال کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔اس مسئلہ پر اسمبلی میں خصوصی مباحث کرنے کا وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اعلان کیا۔اس معاملہ میں مزید

جائزہ لیتے ہوئے کسانوں کو فائدہ پہنچانے والے تجاویز کے ساتھ آگے آنے کمیشن کے ارکان کووزیراعلیٰ نے ہدایت دی ہے۔

## CM's Review Meeting

تلنگانہ کے مستقبل کے منصوبوں پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی صدارت میں ہونے والی جائزہ میٹنگ آر بی آئی کے سابق گورنر رگھورام راجن نے ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ شرکت کرتے ہوئے کئی اہم تجاویز پیش کیں۔ رگھورام راجن نے کہا کہ مہارتوں کی ترقی کے ذریعہ ہی روزگار کے مواقع بہتر بنائے جاسکتے ہیں اور اسٹارٹ اپس کوفروغ دینے سے صنعتی ترقی حاصل کی جاسکتی ہے۔ وزیراعلیٰ نے بتایا کہ تعلیمی نصاب میں اے آئی کے استعمال پر ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کی جارہی ہے اور اس سلسلے میں راجن سے مناسب مشورے دینے کی درخواست کی۔ راجن نے مشورہ دیا کہ تاملناڈو کی طرز پر صنعتی پالیسی اپنانے سے سرمایہ کاری کوراغب کیا جاسکتا ہے اور ڈیٹا سنٹرس کے انتظام میں بجلی اور پانی کے استعمال پر خاص توجہ دینی چاہیے۔ وزیراعلیٰ نے وضاحت کی کہ حکومت اسکل یونیورسٹی کے ذریعہ روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ اس موقع پر رگھورام راجن نے جلد ہی حیدرآباد کا دورہ کرنے کا بھی اعلان کیا۔ اس اجلاس میں نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا، وزیر سری دھر بابو اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

## Cabinet Sub-Committee

ریاستی کابینہ کی ذیلی کمیٹی نے کسانوں کی فلاح و بہبود کے لئے کئی کے ساتھ ساتھ جوار کو بھی مارک فیڈ کے ذریعہ خریدنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سکریٹریٹ میں منعقدہ جائزہ اجلاس میں نائب

وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا، ریاستی وزراء تو ملا ناگیشور راؤ اور اتم کمار ریڈی سمیت دیگر نے شرکت کی۔ وزیر ناگیشور راؤ نے کہا کہ اگر چہ مرکز کی جانب سے تعاون حاصل نہیں ہو رہا، اس کے باوجود ریاستی حکومت اپنے ہی فنڈس سے یہ خریداری کرے گی۔ انہوں نے بتایا کہ اب تک 5 لاکھ 50 ہزار ٹن مکئی کی خریداری کی جا چکی ہے اور جوار کو مناسب قیمت فراہم کرنے کے لئے یہ فیصلہ لیا گیا ہے۔ حکام کو ہدایت دی گئی ہے کہ ان اجناس کو راشن کی دکانوں، گروکل اداروں اور ہاسٹلوں میں تقسیم کرنے کے امکان کا جائزہ لیا جائے۔

Seethakka

حکومت کے 99 روزہ عوامی حکمرانی اور ترقی کے منصوبہ کے تحت ملگ ضلع کے ایٹورو نا گارم منڈل کونڈائی چینا بوئنا پلی کے دیہاتوں میں منعقد کئے گئے پر جاتر بار میں ریاستی وزیر سیتا اکا نے شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے 11 مستحق خاندانوں میں کلیان لکشمی کے چکس تقسیم کئے۔ بعدازاں چینا بوئنا پلی گاؤں میں ایک کروڑ 46 لاکھ روپیوں کی لاگت سے تعمیر کئے گئے 11 کے وی برقی سب اسٹیشن کے ذیلی مرکز کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر سیتا اکا نے بات بھی کی۔

N. Ramchander Rao

تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے مغربی بنگال کے انتخابی نتائج کے بعد وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کی جانب سے اپنے عہدہ سے استعفیٰ نہ دئے جانے کی شدید مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ مخالف عوامی فیصلہ آنے کے بعد بھی عہدہ پر برقرار رہنا آئین کے خلاف ہے۔ رام چندر راؤ نے کہا کہ یہ فیصلہ جمہوریت کی توہین کے مترادف ہے۔ آئین کے آرٹیکل 172

کے مطابق 5 سال کی میعاد ختم ہونے کے بعد عہدہ پر برقرار رہنا یہ قانون کی خلاف ورزی ہے۔رام چندر راؤ نے کہا کہ آئین کے مطابق اکثریت حاصل کرنے والی پارٹی کو اقتدار پر آنا چاہیئے۔ممتا بنرجی کا رویہ جمہوریت کے خلاف ہے۔

Adluri Lakshman

ریاستی وزیر اڈلوری لکشمن کمار نے جگتیال ضلع میں کل رات ہونے والی غیر موسمی بارش سے بھیگے ہوئے دھان اور مکئی کا جائزہ لیا۔انہوں نے دھرما پوری مارکٹ یارڈ کا دورہ کیا۔اس موقع پر ریاستی وزیر نے کسانوں سے بات کرتے ہوئے ان کے مسائل کی سماعت کی اور مارکٹ یارڈ میں موجود دھان اور مکئی کی فصل کو اندرون ایک ہفتہ تا دس دنوں کے اندر خریداری کے عمل کو مکمل کرنے کا کسانوں کو تیقن دیا۔

Sound Byte Adluri Lakshman

Chairpersons

ریاست میں مختلف نامزد عہدوں کو ریاستی حکومت نے پر کر دیا ہے۔18 کارپوریشنوں اور فیڈریشنس کے لئے چیرمین، جبکہ 11 فیڈریشنوں کے لئے وائس چیرمین مقرر کئے گئے ہیں۔ان تفصیلات کا اعلان پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے آج دوپہر کیا۔انہوں نے بتایا کہ برہمن ویلفیئر پریشد کے چیرمین کے طور پر بسوراج سرینواس، گیتا کارپوریشن کے چیرمین کے طور پر موتو کوری چندر شیکھر گوڑ، پیریکا کوآپریٹو کارپوریشن کے چیرمین کے طور پر ڈی وینکٹیشورلو اور ہینڈلوم ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے چیرمین کے طور پر بی

وینکٹ رمنا کو مقرر کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ بھی متعدد کارپوریشنوں اور فیڈریشنس کے لئے چیرمینس کا اعلان کیا گیا ہے۔

Ponnam Prabhakar

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ حکومت زراعت کو اعلیٰ ترجیح دیتے ہوئے کسانوں کو کسی بھی قسم کی مشکلات سے بچانے کے لئے تمام ضروری اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے عوامی حکمرانی ترقی کے منصوبہ کے 99 روزہ ایکشن پلان کے تحت آج حسن آباد کے زرعی مارکیٹ یارڈ میں منعقدہ کسان ہفتہ تقریبات میں شرکت کی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ اس بار مکئی اور دھان کی پیداوار زیادہ ہوئی ہے اور کسانوں کو کسی دشواری کا سامنا نہ ہو اس کے لئے گاؤں گاؤں میں تیزی سے خریداری جاری ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ژالہ باری کے دوران اناج کو بھیگنے سے بچانے کے لئے احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں اور حالیہ بارشوں سے بھیگا ہوا اناج بھی حکومت خریدے گی۔وزیر نے یہ بھی بتایا کہ آئل پام کی کاشت سے ژالہ باری اور قدرتی آفات کے باعث کسانوں کو ہونے والی مشکلات میں کمی آئے گی۔یہ پروگرام سدی پیٹ کے تحت منعقد کیا گیا۔

Foundation Stone

حیدرآباد کے راجندر نگر میں واقع آئی سی اے آر۔آئی آئی آر آر میں دھان کی تحقیق میں انقلابی تبدیلی لانے والی اسپیڈ بریڈنگ سہولت کا آج سنگ بنیاد ڈاکٹر منگی لال جاٹ، ڈائرکٹر جنرل آئی سی اے آر نے رکھا۔اسی کے ساتھ کسانوں کو معیاری بیج فراہم کرنے کے

لئے تعمیر کئے گئے جدید 'بیج گودام' کا بھی انہوں نے افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بیماری سے پاک بایوفورٹیفائیڈ بیجوں کو تیزی سے کسانوں تک پہنچانا ہی بنیادی مقصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تحقیقات کسانوں کی ترقی میں اہم کردار ادا کریں گی اور ادارہ کے سائنسدانوں و عملے کی کاوشوں کو سراہا۔

D. Sridhar Babu

ریاستی وزیر بابو نے منتھنی میں سنٹر آف ایکسلنس اسکل ڈیولپمنٹ سنٹر کا پداپلی کے رکن پارلیمنٹ ومشی کرشنا کے ساتھ مل کر افتتاح کیا۔ اس موقع پر سریدھر بابو نے بات کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں میں اسکلس ڈیولپمنٹ کے ذریعہ ہی تلنگانہ تین ٹریلین ڈالر معاشی نظام کی ترقی ممکن ہے۔

Sound Byte D. Sridhar Babu

Revanth Reddy

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج دوپہر دہلی میں مرکزی وزیر منوہر لال کھٹر سے ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے حیدرآباد میٹرو فیس II کی منظوری دینے کا مطالبہ کیا اور شمس آباد ایرپورٹ بھارت فیوچر سٹی کاریڈور کو فیس III کے تحت عمل میں لانے کا مطالبہ کیا۔

Damodar Raja Narasimha

عوامی حکمرانی۔ ترقیاتی منصوبہ کے تحت 99 روزہ ایکشن پروگرام کے سلسلہ میں ضلع سنگاریڈی کے محکمہ برائے خواتین، اطفال، معذورین اور بزرگوں کی بہبود کے زیر اہتمام

نارائن کھیڑ میں ایک پروگرام منعقد کیا گیا۔ اس پروگرام میں شرکت کرتے ہوئے وزیر دامودر راجنرسنہا نے کہا کہ عوامی حکومت کے قیام کے بعد ریاست کے محکمہ صحت، طب اور خاندانی بہبود میں تقریباً 18 ہزار ملازمتوں کو پُر کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جلد ہی ملٹی پرپز اے این ایم اور نرسنگ آفیسرس کی بھرتیوں کے نتائج کا اعلان کیا جائے گا۔ وزیر نے مزید کہا کہ حکومت خواتین، بچوں، معذورافراداور بزرگوں کی فلاح و بہبود کے لئے مسلسل اقدامات کررہی ہے۔

B. Shivadhar Reddy

تلنگانہ حکومت ریاست کے سلامتی مشیر بی شیودھر ریڈی نے آج حیدرآباد کے لوک بھون میں گورنر شیو پرتاپ شکلا سے خیرسگالی طور پر ملاقات کی جبکہ اس سے قبل اتر پردیش کے ریاستی وزیر دھرماویر پرجاپتی نے لوک بھون میں گورنر سے ملاقات کی۔

K. Kavitha

تلنگانہ رکھشنا سینا کی صدر کویتا نے کہا کہ تعلیم کے ذریعہ ہی مساوات اور آزادی ممکن ہے۔ معیاری تعلیم اور فیس کے کنٹرول پر آج ایک راؤنڈ ٹیبل اجلاس منعقد کیا گیا۔ اس اجلاس میں کویتا نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ مفت تعلیم اور طبی علاج کی فراہمی حکومتوں کا فرض ہے۔ ایسی حکومت ریاست میں ہونی چاہئے۔ انہوں نے کارپوریٹ اسکولوں کے من مانی کو روکنے کے اقدامات کرنے حکومت سے مطالبہ کیا۔

Rajanna Sircilla

گورنمنٹ وہپ ادی سرینواس نے کہا کہ حکومت کسانوں کی جانب سے پیدا کی گئی ہر دانہ کو خریدے گی۔ رائس ملرس کو قواعد پر عمل کرنے پر زور دیا۔ادی سرینواس نے راجنا سرسلہ ضلع کے ویملواڑہ اسمبلی حلقہ میں واقع مختلف رائس ملوں کا اچانک معائنہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے بات بھی کی۔

Sound Byte Aadi Srinivas

Vakiti Srihari

ریاستی وزیر واکٹی سری ہری نے عوامی نمائندوں اور عہدیداروں کو ہمیشہ عوام کیلئے دستیاب رہنے کی ہدایت دی۔ ریاستی وزیر واکٹی سری ہری نے آج نارائن پیٹ ضلع میں ملے پلی کو جانے والی سڑک کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا۔اس موقع پر انہوں نے بات بھی کی۔

Sound Byte - Vakiti Srihari